ملفوظات
مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ
Butt

کنز الایمان۔ فتاویٰ رضویہ۔ احکام شریعت۔ حدائق بخشش۔ الامن والعلی۔
شمع شبستانِ رضا جیسی شاہکار کتابوں کے مصنف
مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی شاہکار تصنیف

ملفوظات

مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

ناشران
بک کارنر پرنٹرز پبلشرز مین بازار جہلم
فون نمبر دوکان: 624306 فون نمبر رہائش: 614977
ای میل: Bookcornerjm@yahoo.co.in

نام کتاب	....	ملفوظات
مصنف	....	مولانا احمد رضا خان بریلویؒ
سرورق	....	امر شاہد
مطبع	....	فرینڈز پرنٹرز، جہلم
ہدیہ	....	[illegible]/- روپے

ملنے کا پتہ

کتب خانہ شانِ اسلام، اُردو بازار لاہور

مکتبہ رحمانیہ، اقراء سنٹر اُردو بازار لاہور

شبیر برادرز، اُردو بازار لاہور

علم و عرفان پبلشرز، اُردو بازار لاہور

خزینہ علم واَدب، اُردو بازار لاہور۔

رحمٰن بک ہاؤس، اُردو بازار کراچی

ضیاء الدین پبلی کیشنز، نزد شہید مسجد کھارادر کراچی

ادارۃ الانور، جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

مکتبہ خدیجۃ الکبریٰ، شاہ زیب ٹیرس (کتاب مارکیٹ) اُردو بازار کراچی

عرش تک پھیلی ہے تاب عارض
یوں چمکتے ہیں چمکنے والے

جو چاہے کہ بغیر وسیلے اس ماہتاب رسالت ﷺ کے کچھ حاصل کر لوں وہ خدا کے گھر میں نقب لگانا چاہتا ہے بغیر اس توسل کے کوئی نعمت کوئی دولت کسی کو کبھی نہیں مل سکتی کون ہے جس سے تمام عالم منور موجود ہے وہ نہ ہو تو تمام عالم پر تاریکی عدم چھا جائے وہ قمر برج رسالت سیدنا محمد رسول ﷺ ہیں۔ علمائے کرام فرماتے ہیں۔

هو صلّى الله تعالى عليه وسلّم خزانة السّر و موضع نفوذ الامر جعل خزائن كرمه و موائد نعمه طوع يديه يُعطى من يّشاء و يمنع من يّشاء لا ينفذ امرٌ الا منه و لا ينقل خيرٌ الا عنه۔

حضور اقدس ﷺ خزانۂ سرالٰہی اور جائے نفاذ حکم خدا ہیں۔ رب العزت جل جلالہ نے اپنے کرم کے خزانے اپنی نعمتوں کے خوان حضور کے قبضے میں کر دیئے جس کو چاہیں دیں جس کو چاہیں نہ دیں کوئی حکم نافذ نہیں ہوتا مگر حضور کے دربار سے کوئی نعمت کوئی دولت کسی کو کبھی نہیں ملتی مگر حضور کی سرکار سے ﷺ یہی معنی ہیں انما انا قاسمٌ و الله يُعطى جز ایں نیست کہ میں ہی بانٹنے والا ہوں اور اللہ دیتا ہے۔

وہ نہ تھا تو باغ میں کچھ نہ تھا وہ نہ ہو تو باغ ہو سب فنا
وہ ہے جان جان سے ہے بقا وہی بن ہے بن سے ہی بار ہے

عرض: یہ حدیث ہے لو لاک لما اظهرت الربوبية۔

ارشاد: میں نے حدیث میں نہیں دیکھا ہاں صوفیہ کی کتاب میں آیا ہے۔ لو لاک لما اظهرت ربوبيتى یہ معنی صحیح اور صحیح حدیث کے موافق ہیں۔ صحیح حدیث میں ہے: خلقت

ف ۱: بے وسیلہ ماہتاب رسالت مآب آفتاب الوہیت سے کسی کو کچھ نہیں ملتا۔

ف ۲: حضور خزانۂ سر الٰہی اور جائے نفوذ امر خداوندی ہیں حضور کے قبضہ میں الٰہی نعمتوں کے خوان ہیں جسے چاہیں دیں جسے چاہیں منع فرمادیں۔ ف ۳: لولاک لما اظهرت الخ یہ حدیث سے پایا نہیں۔